کتاب نما

عفیفۂ کائنات: سیّدہ عائشہ صدیقہؓ، مولانا حکیم محمد ادریس فاروقی۔ ناشر: مسلم پبلی کیشنز، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۰۳۲۲-۴۰۴۴۰۱۳۔ صفحات: ۲۳۵۔ قیمت: ۳۲۰ روپے۔

اُم المومنین سیّدہ عائشہؓ بنتِ ابوبکر صدیقؓ کو اَزواج النبیؐ کے درمیان کئی انفرادیتیں اور اُمت کے اندر کئی امتیازات حاصل ہیں۔ سیّدہ عائشہؓ کی روایت کردہ احادیث کی تعداد ۲۲۱۰ ہے۔ صرف پانچ اصحاب کی روایات آپؓ سے زیادہ ہیں۔ قرآنِ مجید، سنتِ نبویؐ، فقہ و قیاس، کلام وعقائد، تاریخ وادب، خطابت وشاعری اور اجتہاد و اِفتا میں علم ومہارت کی بنا پر سیّدہ عائشہؓ تمام اَزواجِ مطہراتؓ اور صحابہ کرامؓ کے درمیان ممتاز مقام پر فائز تھیں۔

کتبِ حدیث کی شروح، اسماء الرجال کے تذکروں، سیرتِ نبویؐ کے مصادر اور تاریخ وسیر کی کتب میں سیّدہ عائشہؓ کے علمی وفقہی کمالات اور ذاتی وشخصی اخلاق و عادات اور اوصاف وخصوصیات کے تذکرے موجود ہیں۔ ان بنیادی مآخذ سے مستفاد بعض بلند پایہ کتب سیّدہ عائشہؓ کے سیر وسوانح پر اُردو میں بھی تصنیف ہوئی ہیں۔

فاروقی صاحب نے اس سلسلۂ تحقیق وتالیف کو آگے بڑھاتے ہوئے یہ کتاب محققانہ اسلوب میں تالیف کی ہے۔ اختلافی بحثوں سے اِعراض کرتے ہوئے حقائق کو مرتب کیا ہے۔ سیّدہ عائشہؓ کی زندگی کے علمی وتاریخی پہلوؤں کے ساتھ ذاتی اور شخصی پہلوؤں کو بھی بیان کیا ہے۔ آخر میں روایاتِ سیّدہ عائشہؓ سے ۴۰ ؍احادیث کا انتخاب مع مختصر تشریح شامل ہے۔ (ارشاد الرحمٰن)

نگارشاتِ سیرت، سیّد عزیز الرحمٰن، مرتبین: ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری وحافظ محمد عارف گھانچی۔ ناشر: کتب خانہ سیرت، کھتری مسجد، لی مارکیٹ، صدر ٹاؤن، کراچی۔ فون: ۰۳۲۱-۲۸۳۴۲۴۹۔ صفحات: ۳۶۸۔ قیمت (اشاعت خاص): ۴۵۰ روپے۔

زیرنظر کتاب سیّد عزیز الرحمٰن (مدیر: مجلّہ السیرہ عالمی) کے اداریوں، مختلف کتب سیرت پر